ABC CERTIFIED | MEMBER APNS

سکھر اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت

Daak Ediidtion

DAILY YADGAR SUKKUR

وادی مہران میں سب سے زیادہ اشاعت رکھنے والا واحد روزنامہ

Regd: No:SRO/04

# روزنامہ یادگار سکھر

چیف ایڈیٹر: ریاض شاھد

Ph:071-5812209

email: yadgardaily@gmail.com

|جلد58|بدھ 22 شعبان المعظم 1447ھ بمطابق 11 فروری 2026ء|شمارہ 182

# فرمان جتوئی: محتسب ادارہ مہینوں میں حل نہ ہونے والے مسائل منٹوں میں حل کرتا ہے

بجلی بلوں میں غلطیوں، جرمانوں' گیس فراہمی میں رکاوٹیں، ریلوے بدانتظامی اور نادرا سے متعلق سب سے زیادہ شکایات ملتی ہیں

وفاقی محکموں کے خلاف کھلی کچہری میں 81 شکایات ملیں 52' شکایات کا فوری ازالہ کر کے جرمانہ ختم کر دیے گئے

وفاقی محتسب کا یہ اقدام غریب بے سہارا اور پریشان حال شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے امید کی کرن ہے

بجلی کے بلوں میں غلطیاں، غیرضروری جرمانے گیس فراہمی میں رکاوٹیں، ریلوی کی بدانتظامی اور نادرا سے متعلق سب سے زیادہ شکایات شامل ہیں

روہڑی (ذوالفقار سولنگی/نمائندہ یادگار) 52 شکایات کا موقع پر ازالہ کر کے جرمانے ختم کیے جبکہ دو ٹرانسفارمر مرمت کروائے گئے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب سکھر فرمان احمد جتوئی نے کہا ہے کہ سکھر ریجن میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے مختلف محکموں کے خلاف عوامی شکایات سن کر انہیں ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیپکو سب ڈویژن روہڑی میں منعقدہ کھلی کچہری کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سیپکو، سوئی گیس، پاکستان ریلوے اور دیگر وفاقی اداروں کے خلاف 81 آنے والی شکایات کو کھلی کچہری میں متعلقہ افسران کی موجودگی میں 52 شکایات کا موقع پر ازالہ کر کے جرمانے ختم کیے جبکہ دو ٹرانسفارمر مرمت کروائے گئے پاکستان ریلوے کے خلاف بھی تین شکایات موقع پر حل کیں دیگر کے لئے متعلقہ محکموں کو لیٹر لکھے ہیں فرمان احمد جتوئی نے کہا کہ وفاقی محتسب کا یہ اقدام غریب بے سہارا اور پریشان حال شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے امید کی کرن ہے ایسے مسائل جو مہینوں حل نہیں ہوتے تھے اب چند منٹوں میں حل کیے جا رہے ہیں بجلی کے بلوں میں غلطیاں، غیر ضروری جرمانے گیس فراہمی میں رکاوٹیں، ریلوی کی بدانتظامی اور نادرا سے متعلق سب سے زیادہ شکایات شامل ہیں اس موقع پر ایکسی ای این سیپکو کاشف گلزار۔ ایس ڈی او سب ڈویژن روہڑی سجاد میمن ایس ڈی او سب ڈویژن پرانا سکھر وقار علی شاہ۔ ایس ڈی او سب ڈویژن صالح پٹ شفیق احمد قاضی و دیگر بھی موجود تھے شکایات لیکر آنے والے سائلین نے محتسب اعلی سکھر فرمان جتوئی کی جانب سے موقع پر شکایات کا ازالہ کرنے پر ان سے اظہار تشکر کیا۔



NPR-300 email: dailygreaterthal@gmail.com

ہر خبر سچائی کے ساتھ ● علاقہ تھل کا کثیر الاشاعت اخبار | ABC CERTIFED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY GREATER THAL BHAKAR

روزنامہ گریٹر تھل بھکر

ایڈیٹر: محمد اقم یار ولکھ

جلد: 13 | بدھ 11 فروری 2026ء 21 شعبان المعظم 1447ھ قیمت: 20 روپے | شمارہ 252



# لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے شفقت علی

**وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں، رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ**

بھکر (نامہ نگار) شفقت علی ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع بھکر میں او سی آر پروگرام کا دورہ۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی رجسٹرار جناب شفقت علی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں 10 فروری منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو بھکر، سوئی گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر محکموں کیخلاف سنے گیے۔ جس پر ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقعہ پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔

روزنامہ
پسے ہوئے مظلوم طبقہ اور جدید نظریات کا ترجمان
مسلسل اشاعت کے 14 سال
ڈیرہ اسماعیل خان
# توقیر
سورج کی پہلی کرن صرف توقیر کے ساتھ
قیمت 20 روپے
ایڈیٹر شیخ توقیر اکرم
بانی شیخ مشتاق احمد مرحوم
Phone No:
0966-713477
Email: dailytouqeer@gmail.com
Facebook: dailytouqeer@gmail.com
URL: dailytouqeer.com.pk

## عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، وفاقی محتسب

وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی رجسٹرار جناب شفقت علی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں

**10 فروری منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو بھکر، سوئی گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر محکموں کیخلاف سنے گئے**

ڈیرہ اسماعیل خان (پی آئی ڈی) وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی رجسٹرار جناب شفقت علی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں 10 فروری منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو بھکر، سوئی گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر محکموں کیخلاف سنے۔ جس پر ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقع پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی (بقیہ نمبر 41)

khabrainsdigital | khabrainsdigital | khabrainsdigital | daily.khabrains@gmail.com | khabrainsdigital

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، اسلام آباد، پشاور، مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

# روزنامہ خبریں ملتان

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

SEMI LOCAL Wednesday 11 February 2026

| | | |
|---|---|---|
| جلد 34 | بدھ 22 شعبان 1447ھ 11 فروری 2026ء 30 ماگھ 2082 ب صفحات 8 قیمت 40 روپے | شمارہ 252 |


# کردار، جرأت، قابلیت پاک فوج کی بنیادی اقدار

اوصاف کا عملی مظاہرہ جاری ہے: فیلڈ مارشل

چیف آف ڈیفنس فورسز کی کھاریاں میں 9ویں انٹرنیشنل پاکستان آرمی ٹیم سپرٹ مقابلوں کی اختتامی تقریب میں شرکت، انعامات تقسیم

سپرٹ مقابلہ 60 گھنٹوں پر مشتمل سخت پٹرولنگ مشق، سید عاصم منیر نے ٹیموں کی برداشت، صلاحیت کو سراہا: آئی ایس پی آر

وفاقی وزیر امیر مقام کا بم ہسپتال کا دورہ

خودکش دھماکے میں زخمی افراد کی عیادت کی

# سکھر: وفاقی محتسب کے زونل ہیڈ کی سماعت، 110 سے زائد عوامی شکایات نمٹا دیں

**نمٹائی جانے والی شکایات میں سے 51 شکایات سیپکو اور باقی دیگر وفاقی محکموں سے متعلق تھیں، عوام کی شکایات کے ازالے کیلئے کوشاں ہیں، محمود شاہ کا سماعت کے موقع پر خطاب**

روہڑی (امان اللہ شیخ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ سکھر اور لاڑکانہ کے علاقائی سربراہ سید محمود علی شاہ نے علاقائی سطح پر 110 عوامی شکایات کی سماعت کی۔ کل کیسز میں سے 51 شکایات سیپکو سے متعلق تھیں جن میں سیپکو لاڑکانہ او

باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16

لاڑکانہ ڈویژنز کے ایلشیین سٹی اصغر علی شیخ، سہیل احمد کھاوڑ روینیو آفیسر سٹی سیپکو موجود تھے اور کارروائی میں حصہ لیا۔ چوبیس مقدمات ایس ایس جی سی ایل سے متعلق تھے جن میں زونل منیجر ایس ایس جی سی ایل لاڑکانہ سمیت ایس ایس جی سی ایل کے متعلقہ سعید احمد کوریجو ڈپٹی منیجر اور افسران نے سماعت کی۔ باقی کیسز پاکستان بیت المال، پوسٹل لائف انشورنس (P L I)، پاکستان پوسٹ ڈیپارٹمنٹ، اور B I S P سے متعلق تھے۔ سماعتوں کے دوران PBM،BISP اور PLI کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کے ساتھ ساتھ پاکستان پوسٹ کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سمیت افسران موجود تھے۔ تمام شکایت کنندگان فورم کے سامنے پیش ہوئے، اور ان کی شکایات کو تحمل اور اچھی طرح سنا گیا۔ جہاں کہیں بھی نشاندہی کی گئی بدانتظامی کی مثالوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مقدمات کو قانون کے مطابق سختی سے نمٹا دیا گیا اور ان کا فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے عوام کو تیز، شفاف اور موثر ریلیف فراہم کرنے اور وفاقی اداروں کے احتساب کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔